26342 ـ کسی دوسرے کی جانب سے حج کرنے کےلیے حاصل کیے گئے اخراجات میں کمی یا زیادتی ہوجائے توکیا حکم ہے ؟

سوال

اگرکسی شخص نےمیت کی جانب سے حج کرنے کے لیے دوسرےشخص کومحدود رقم دی اوروہ حج کی ادائیگي کے لیے چلاگیا ، اوراس کےاخراجات اس رقم سے کم ہوئے یابڑھ جائیں تواس کا حکم کیا ہوگا ؟
میری گزارش ہے کہ آپ یہ بھی وضاحت فرمائیں کہ آیا جب اس نے میت کی جانب سے اس کام کواحسن انداز میں سرانجام دیا تواسے اجروثواب بھی حاصل ہوگا ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

مسلمان اپنی شروط پرقائم رہتےہیں ، لھذا اگررقم دینے اورلینےو الوں کے مابین یہ شرط طے ہوئي کہ اگراس میں کمی ہوگي تووہ ادائیگي کرے گا اوراگراخراجات سے رقم بڑھ جائے تواسے واپس کرنا ہوگي ، توپھر ہرایک کواس کی وفاکرنا ہوگي اورشرط پرعمل کریں گے ۔

لیکن اگر ان کے مابین کوئي شرط نہیں رکھی گئي توپھر وہ زائد رقم رکھے گااور کمی کوپورا کرے گا ، اوررہا اجروثواب کا معاملہ تواگروہ اچھی اورصالح نیت سے مال لیتا اورجواس پرواجب ہے اس کی ادائیگي کرتا ہےتوان شاء اللہ اسے اجروثواب بھی حاصل ہوگا ۔

اللہ سبحانہ وتعالی ہی توفیق بخشنےوالا ہے .